دینہ: انجمن بہبود مریضاں پاکستان وڈنمارک کا 36واں فری آئی کیمپ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا

دینہ (جہلم اپڈیٹس ڈاٹ کام، عرفان محبوب چوہدری سے) انجمن بہبود مریضاں پاکستان وڈنمارک کا 36واں فری آئی کیمپ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ 456 مریضوں کے معائنے اور 73 مریضوں کے آپریشنز کیے گئے مہمان خصوصی ڈی سی او جہلم مرزا محمود الحسن اور خصوصی آمد ڈاکٹر شاہد تنویر۔ دیگر ممالک سے بھی ڈونرز کی شرکت انجمن بہبودی مریضاں کی خدمات نور بانٹنے پر قابل تحسین ہے مرزا محمود الحسن۔ تفصیلات کے مطابق انجمن بہبود مریضاں پاکستان وڈنمارک کے زیر اہتمام 36واں فری آئی کیمپ اقبال آئی بلاک پرائمری ہیلتھ سنٹر جی ٹی روڈ دینہ میں ماہر آئی سرجن ڈاکٹر عامر شہزاد کی زیر نگرانی منعقد ہوا۔ اس فری آئی کیمپ کے مہمان خصوصی ڈی سی او جہلم مرزا محمود الحسن تھے جبکہ ای ڈی او ہیلتھ ڈاکٹر شاہد تنویر نے خصوصی شرکت کی۔ اس کیمپ کو سماجی شخصیت مرزا محمد صابر کے اہل خانہ تکیہ ہاؤس تکیہ شاہ مراد قلعہ روہتاس نے تیسری بار منعقد کروایا اس کے تمام تر اخراجات برداشت کیے۔ اس کیمپ میں ڈنمارک اٹلی فرانس انگلینڈ اور دیگر ممالک کے ڈونرز نے شرکت کی۔ اس فری آئی کیمپ میں 456 مرضوں کے معائنے کیے گئے۔ 73 مرد و خواتین کے آپریشن کیے گئے مفت ادویات اور عینکیں تقسیم کی گئیں۔ حافظ محمد رفیق نے تلاوت کی۔ ڈاکٹر شوکت محمود نے انجمن کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ مرزا محمود الحسن DCO جہلم نے کہا کہ یہ اہل علاقہ کی خوش قسمتی ہے کہ اتنا اعلیٰ معیار کا فری آئی کیمپ عوام کے لئے تحفہ ہے قدر و قیمت ان کو معلوم ہے جن کی آنکھیں مکمل ہیں۔ جو آہستہ آہستہ اس نور سے محروم ہو جاتے ہیں دنیا ان کے لئے اندھیری ہو جاتی ہے۔ حاجی چوہدری محمد اقبال کا اقبال آئی بلاک کا قیام غریب عوام کے انمول تحفہ ہے۔ اجر انسان نہیں دیتا اجر وہ ذات باری دیتی ہے۔ انسانی ہاتھ جب دعا کیلئے اٹھتے ہیں تو بے نور نکھوں میں چمک اٹھتی ہے مخیر حضرات کی کاوشیں بھی قابل غور ہیں ہر ایک کو اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے یہی آخرت میں بخشش کا ذریعہ ہے۔ فری آئی کیمپ میں عابد حسین عابدی نے دوپہر، رات اور صبح کا کھانا مریضوں کو دیا۔ انجمن بہبودی مریضاں کے عہدہ داروں ممبران اور دیگر دوست احباب نے مریضوں کی ہر موقعہ پر رہنمائی کی۔ حاجی چوہدری محمد اقبال کی صحت یابی کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

دینہ۔ اقبال آئی دینہ میں منعقدہ 36ویں فری آئی کیمپ میں ڈی سی او جہلم مرزا محمود الحسن خطاب کرتے ہوئے۔